Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

22 دسمبر، 2020

عزیزی اہلِ خانہ،

اس سے قبل کہ ہم موسم سرما کی تعطیلات کے لیے جائیں، میں چاہتا ہوں کہ آپ سب کے لیے دل کی گہرائیوں سے تشکر کا اظہار کر سکوں اس کام کے لیے جو آپ نے اس ناقابل فراموش سال میں تدریس کو جاری رکھنے کے لیے کیا ہے۔

ہمارے اہل خانہ اور تدریسی عملہ ہمارے اسکول کی برادری کے دل اور روح ہیں، اور اس سال ہم نے جو کچھ صحیح کیا ہے، وہ آپ ہی کی بدولت ہے۔ ان قربانیوں سے لے کر جو آپ نے اسے یقینی بنا نے کے لیے کی ہیں کہ آپ کے بچے اس مخلوط اور ریموٹ لرننگ کے عہد میں کامیاب رہیں۔ ہمارے پبلک اسکولوں پر بھروسے تک۔ مجھ تک آپکے ذاتی تبصرے تک - چاہے مثبت ہوں یا منفی— اس سے مجھے اور محکمئہ تعلیم میں سب کو آپ کی اور آپ کے بچوں کی بہتر خدمت کرنے میں مدد ملی ہے۔

گو کہ اس سال تعطیلات کافی مختلف نظر آئیں گی، خوشی منا نے کے لیے اب بھی بہت کچھ ہے۔ میں امید کرتا ہوں کہ آپ خوشی منا نے، آرام کرنے کے لیے وقت نکالیں گے، دور اور قریب اپنے محبت کرنے والوں سے رابطہ کریں گے—اور رحم دلی اور ہمدردی کے جذبات کے کاموں کی عکاسی کریں گے جس نے آپ کی زندگیوں کو پچھلے 12 مہینوں میں سرفراز کیا ہے۔

اب جب ہم تعلیمی سال کے باقی حصے کو دیکھتے ہیں، ہم آپ کے بچوں میں سے ہر ایک پر اپنی توجہ کو بلا کسی تردُد کے، اعلیٰ ترین ممکنہ معیاری تعلیم فراہم کرنے پر مرکوز رکھیں گے۔ ہم یہ انہیں ایک کامیاب، منفعت بخش زندگی میں خود مختارانہ صلاحیتوں کی تیاری کے لیے کر رہے ہیں جس کی ضرورت انہیں اپنے خوابوں کی تکمیل کے لیے ہو گی - اس کے لیے، پچھلے ہفتے ہم نے مڈل اور ہائی اسکولوں کے داخلوں کے طریقئہ کار میں تبدیلیاں کی ہیں، جو جنوری میں شروع ہوں گے۔ اگلے سال سے شروع، ہمارے مڈل اسکول تعلیمی ریکارڈز، آڈیشنز، یا دیگر چھان بین یا تشخیصات کو جائزہ لینے یا داخلہ دینے کے لیے استعمال نہیں کریں گے، اور ہائی اسکول بتدریج جغرافیائی ترجیحات کو ختم کر دیں گے۔ اس کا نتیجہ تمام نیویارک شہر پبلک اسکولوں کی برادریوں میں زیادہ منصفانہ طریقئہ کار ہو گا۔ مزید جاننے کے لیے ، براہِ کرم یہاں جائیں schools.nyc.gov/high یا schools.nyc.gov/middle

ہم جانتے ہیں کہ ابھی بہت کچھ کرنا باقی ہے، اور ہم اسے یقینی بنا نے کے مقصد میں متحد ہیں کہ آپکا بچہ —اور انکے 1.1 ملین ہمسروں میں ہر بچہ— دنیا کے سب سے عمدہ شہر میں بہترین ممکنہ تعلیم حاصل کر سکے۔

محکمئہ تعلیم میں ہم سب کی طرف سے، میں آپ کے اور آپ کے پیاروں کے لیے ایک خوبصورت تہواروں کے موسم اور نئے سال کی تمنائیں پیش کرتا ہوں۔ برائے مہربانی محفوظ اور صحتمند رہیں، اور ہم آپ سے 2021 میں ملنے کے متمنی ہیں!

بخلوص،

Richard A. Carranza
چانسلر
نیویارک شہر محکمئہ تعلیم